بات چیت کے لیے

1۔ کیا تصویر میں دی گئی جگہ صاف ہے؟ 2۔ آپ کو ایسا کیوں لگتا ہے؟ 3۔ آپ کے آس پاس صفائی ستھرائی کا خیال کیسے رکھا جاتا ہے؟ 4۔ صفائی کا خیال رکھنا کیوں ضروری ہے۔ 5۔ کھلی ہوئی چیزیں کھانے سے کیا نقصان ہوتا ہے؟ 6۔ کھانا کھانے سے پہلے ہاتھ دھونا کیوں ضروری ہے؟

भारत सरकार
स्वस्थ भारत
मिशन इंद्रधनुष

5 کھانا پینا اور صحت

ہم سیکھیں گے

اُ	ہ	ح	چھ	تھ	پھ	ف	ٹھ	اُو

- وقت کی پہچان (گھنٹہ، منٹ، سیکنڈ)
- وقت کی اکائیوں کو آپس میں بدلنا
- ڈیجیٹل ہندسوں کو پہچاننا اور لکھنا

■ تصویر سے اندازہ لگا کر الفاظ پڑھیے

پھل


مچھّر

کوڑا


صاف ہاتھ

پڑھیے اور لکھیے

اُ

اُلّو ڈال پر بیٹھا ہے

اُو

کچھ اُونٹ اُونچا، کچھ پونچھ اُونچی

اُ اُو

اُڑان	اُجالا	اُون	اُوپر
______	______	______	______

ہ

ہولی کے دن رنگوں سے رنگ مل جاتے ہیں۔

ح

حلوائی نے حلوا بنایا

ہ ح

ہم	شوہر	حکیم	تحفہ

چھ



مچھلی جل کی رانی ہے

تھ

تھیلی میں روپے ہیں

چھلکا	پنچھی	تھکان	ہتھیلی

پھ

پھول خوب صورت ہے

ف

فوجی ملک کی حفاظت
کرتے ہیں

پھ ف

پھل	پھاگن	فوٹو	لحاف
________	________	________	________

ٹھ

8

رات **آٹھ** بجے سو جانا ہے

ٹھ

ٹھیک	ٹھوکر	پٹھان	سونٹھ
________	________	________	________

- کئی الفاظ میں حروف کے جوڑے آتے ہیں۔ باکس میں دیے گئے الفاظ کو پہچان کر صحیح جوڑے والے لفظ لکھیے۔

بڈھا   مٹھا   پٹی   اچھا   سستے

مچھر	چ + ھ	______
اکٹھا	ٹ + ھ	______
گڈھا	ڈ + ھ	______
مٹی	ٹ + ٹ	______
رسی	س + س	______

ب (بِ) = بات، بج، بول

پ (پُ) = پارک، پجاری، پودا

- نیچے کچھ الفاظ دیے گئے ہیں۔ ہر لفظ میں شامل حروف کو پہچان کر لفظوں کو صحیح جگہ پر لکھیے۔

ہم   ٹھوکر   پھل   چھتری   تھیلی   چھوٹی
ٹھیلہ   پھول   تھالی
فوارہ   فصل   مہمان

ٹھ	ف	پھ	تھ	چھ	ہ

■ کچھ حروف ایسے ہوتے ہیں جن کے چھوٹے حصے کسی بھی لفظ کے شروع اور درمیان میں استعمال ہوتے ہیں۔

چ	ـ	چ	چڑیا	لچک	چاند
ن	ـ	ن	نمک	گنتی	اناج
پ	ـ	پ	پیالہ	روپیہ	پودینہ
م	ـ	م	مبارک	لمبا	موسم
ل	ـ	ل	لوٹا	ہلال	لشکر

■ ”ر“اور ”د“ کو کسی بھی لفظ کے شروع میں جوڑنے پر پورا استعمال کیا جاتا ہے اور اگر بعد میں جوڑا جائے تو آدھا حرف استعمال ہوگا اور اس کی شکل بھی بدل جائے۔

ر	ـ	ر	=	راج	روٹی
ر	ـ	ر	=	کرنا	حروف
د	ـ	د	=	دال	دو
د	ـ	د	=	عدد	قدم

■ کچھ حروف کو دوبار بولنے کے لیے تشدید (ّ) لگائی جاتی ہے۔

ٹ	=	کھٹّا	مٹّی	بھٹّی
د	=	گدّا	بھدّا	ردّی
ڈ	=	اڈّا	ٹڈّا	گڈّھا

”ا“ اور ”و“ ایسے حروف ہیں جو کسی لفظ کے ساتھ شروع میں ملا کر نہیں لکھے جاتے۔ درمیان میں اور آخر میں جوڑنے پر بھی یہ اپنی پوری شکل میں لکھے جاتے ہیں۔

ا	=	اردو	کتاب	بڑا
و	=	ورق	انگور	پڑھو

استاد کے لیے ہدایت: آدھا حرف اور تشدید کا کیا مطلب ہے۔ اس پر بات چیت کیجیے۔

میرے الفاظ

▪ آیئے، گھڑی سے وقت دیکھنا سیکھیں۔

عام طور پر گھڑی کے ڈائل پر 12 نمبر ہوتے ہیں۔ پورے ڈائل پر 60 چھوٹی لائنیں ہوتی ہیں۔
ہر پانچویں لائن پر 1 سے 12 تک کی ترتیب میں ہندسے لکھے ہوتے ہیں۔







دو سوئیوں والی گھڑی

تین سوئیوں والی گھڑی

- سب سے موٹی اور چھوٹی گھنٹے کی سوئی ہے۔ یہ گھنٹے بتاتی ہے۔ گھنٹے کی سوئی ایک نمبر سے دوسرے نمبر پر ایک گھنٹے میں پہنچتی ہے۔ یہ 12 گھنٹے میں پورے ڈائل کا ایک چکّر لگاتی ہے۔ 24 گھنٹے یا ایک دن میں یہ پورے ڈائل کے کتنے چکر لگاتی ہے؟ ____________
- اس سے پتلی اور لمبی سوئی منٹ کی ہوتی ہے۔ یہ منٹ بتاتی ہے۔ منٹ کی سوئی ایک نمبر سے دوسرے نمبر پر پانچ منٹ میں پہنچتی ہے۔ یہ 60 منٹ میں پورے ڈائل کا ایک چکر لگاتی ہے۔

گھڑی میں کتنے بجے۔۔۔

اس گھڑی میں 3 بجے ہیں

جب منٹ کی سوئی 12 پر ہو تو گھنٹہ کی سوئی جس ہندسہ پر ہوگی اتنے ہی بجے ہوں گے۔ جیسے اگر گھنٹے کی سوئی 3 پر اور منٹ کی سوئی 12 پر ہوگی تو 3 بجیں گے۔

گھڑی میں 5 بجے ہیں

گھڑی میں 2 بجے ہیں

◆ نیچے دی گئیں گھڑیوں کو دیکھ کر خالی جگہوں میں وقت لکھیں۔

___ بجے

بارہ بجے

12:00

___ بجے

___ بجے

یاد رکھیں: 1 گھنٹے میں 60 منٹ ہوتے ہیں۔

60 منٹ پورے ہونے پر ایک گھنٹے کا وقت ہوتا ہے۔

3 گھنٹوں میں کتنے منٹ ہوں گے؟

3×60 یا

$$\begin{array}{r} 60 \\ \times 3 \\ \hline \end{array}$$

ڈیجیٹل گھڑیاں

- ڈیجیٹل گھڑیوں میں وقت ہندسوں میں لکھا ہوتا ہے۔ ریلوے اسٹیشن، موبائل فون، وغیرہ میں ڈیجیٹل گھڑیاں ہوتی ہیں۔ جیسے

تیئیس بج کر اُنتالیس منٹ



دس بج کر چھبیس منٹ

ڈیجیٹل ہندسے کی بناوٹ اس طریقے کی ہوتی ہے 9876543210۔ ڈیجیٹل ہندسوں کا استعمال بینک، ریلوے اسٹیشن، منڈی اور کیلکولیٹر میں کیا جاتا ہے۔

نیچے دکھائی گئی گھڑیوں میں وقت دیکھ کر خالی جگہوں میں ہندسے لکھیے۔

06:40

____بج کر____منٹ

07:45

____بج کر____منٹ

06:20

____بج کر____منٹ

12:45

____بج کر____منٹ

عملی کام

1. دیے گئے حروف سے الفاظ لکھیے

تھ - ________

چھ - ________

ح - ________

2. دیے گئے الفاظ سے جملے کو پورا کیجیے

اُلّو، تھیٹر، اُون

1. چلو سینما دیکھنے________چلتے ہیں۔

2. ______ سے سوئیٹر بنتے ہیں۔

3. ________ڈال پر بیٹھا ہے۔

3. باکس میں دیے گئے الفاظ کو پہچان کر صحیح جوڑے والے لفظ لکھیے

ٹھیک، پان، بوڑھا، پھل، پہاڑ، اچھا

مچھر جھ ________

ٹھیس ٹھ ________

پھن پھ ________

4. دیے گئے الفاظ سے جملے بنائیے

مچھلی ______________________________

پھیکا ______________________________

5. نیچے دی گئی گھڑیوں کو دیکھ کر خالی جگہوں میں وقت لکھیے

الف		ب	
اس گھڑی میں ______ بجے ہیں		اس گھڑی میں ______ بجے ہیں	

6. 60 منٹ پورے ہونے پر 1 گھنٹے کا وقت ہوتا ہے۔ 3 گھنٹوں میں جملہ کتنے منٹ ہوں گے؟

____

7. خالی جگہ پُر کیجیے

الف	07:45 ___ بج کر ___ منٹ	ب	10:26 ___ بج کر ___ منٹ

8. خالی جگہ پُر کیجیے

الف) منٹ کی سوئی ایک ہندسے سے دوسرے ہندسے پر _______ منٹ میں پہنچتی ہے۔

ب) 24 گھنٹوں میں گھنٹے کی سوئی پورے ڈائل کے _______ چکر لگاتی ہے۔